اخبار الجامعہ :　　　　حافظ محمد اسلم شاہدروی متعلم جامعہ

شیخ سعد المطرفی کی جامعہ علومِ اثریہ میں آمد

طلباء جامعہ کے مابین علمی تقریری مقابلہ

جامعہ کے ایک طالب علم کی وفاتِ حسرت آیات

گذشتہ دنوں ریاض (سعودی عرب) کے جیّد عالم و خطیب، علامہ محمد مدنی کے گہرے دوست شیخ سعد المطرفی جامعہ تعلیم الاسلام ماموں کانجن کے وفد کے ہمراہ جامعہ علومِ اثریہ جہلم پہنچے۔ مدنی صاحب چونکہ بیرونِ ملک دَورے پر تھے، اس لیے ان سے ملاقات نہ ہو سکی۔ مدیر الجامعہ جناب حافظ عبدالحمید عامر نے اساتذہ کرام کی معیت میں معزز مہمان کا پرتپاک خیر مقدم کیا۔ آپ نے جامعہ، اس کی تعلیمی شاخوں، جامعہ کے زیرِ انتظام چلنے والے دیگر اداروں اور مساجد کا معائنہ کیا۔ آپ نے سول لائنز جہلم پر جامعہ کی زیرِ نگرانی تعمیر ہونے والی مسجد بھی دیکھی۔ اس خوبصورت مسجد کا سنگِ بنیاد متحدہ عرب امارات کے سفیر شیخ محمد احمد المحمود نے رکھا تھا، جو عنقریب مکمل ہوا چاہتی ہے ــــ معزز مہمان نے جامعہ کی لائبریری میں خاصا وقت گزارا اور "قسم المخطوطات" میں گہری دلچسپی لی۔ آپ نے جامعہ کی تعلیمی سرگرمیوں پر انتہائی اطمینان کا اظہار کیا اور جامعہ کی خدمات کو سراہا ــــ بعد ازاں آپ اسلام آباد تشریف لے گئے۔

جامعہ علومِ اثریہ جہلم کے طلباء کے مابین جامعہ کی مسجد میں ایک علمی، تقریری مقابلہ زیرِ سرپرستی شیخ الحدیث حضرت مولانا پیر محمد یعقوب صاحب قریشی منعقد ہوا۔ مؤلفِ کتبِ کثیرہ مولانا حافظ ثناء اللہ صاحب زاہدی، مولانا محمد اکرم جمیل صاحب اور مولانا نعیم الحق ملتانی صاحب نے مصنفین کے فرائض